محکمۂ تعلیم امریکا
دفتر برائے شہری حقوق :

---

# اعلیٰ معیار کی تعلیم تک
# مساوی دسترس کو یقینی بنانا

U.S. Department of Education
Office for Civil Rights
Washington, DC 20202-1100

**نظر ثانی شدہ ستمبر 2004**

## شہری حقوق کے قوانین کا اثر

وفاقی شہری حقوق قوانین کے نفاذ سے امریکی تعلیمی نظام میں بہت سی بڑی تبدیلیاں لانے میں مدد ملی ہے اور لاکھوں (کئی ملین) طلبا کے لئے تعلیمی مواقع میں بہتری آئی ہے - بہت سی رکاوٹیں جو کبھی لوگوں کو اپنی پسند کے تعلیمی مواقع اور پیشوں کے آزادانہ انتخاب سے روکتی تھیں، ختم کر دی گئی ہیں - بہت سے اسکولی نظام اب ان طلبا کی ان کے تعلیمی پروگراموں میں مؤثر شرکت کو ممکن بنا رہے ہیں جو انگریزی زبان میں مہارت نہیں رکھتے - کتنے ہی معذور طلبا اب ضمنی امدادی سہولیات اور خدمات کی بدولت باقاعدہ تعلیمی کلاسوں میں شریک ہونے کے قابل ہوگئے ہیں -

اس کے علاوہ، سال 2001 کے قانون کوئی بچہ پیچھے نہ رہ جائے (No Child Left Behind Act of 2001) (NCLB)، ایسا قانون ہے جو وفاقی تعلیمی پروگراموں کی جامع اصلاح کرتا ہے، شعبہ کے مقصد یعنی تعلیم تک مساوی دسترس کو یقینی بناتا ہے اور تعلیمی مہارت کو پوری قوم (ملک) میں فروغ دیتا ہے - NCLB قانون میں اس بات کو یقینی بنانے کے لئے کہ تمام بچوں کو بغیر کسی نسلی، نژادی، جنسی، معذوری یا سماجی معاشی حیثیت کے امتیاز کے اعلیٰ معیار کی تعلیم تک دسترس ہو، چند خصوصی شقیں شامل کی گئی ہیں-

شہری حقوق قوانین کے ذریعہ ہمارے اسکولوں، کلاس روموں، تھیٹر ہالوں، کھیل کے میدانوں اور اکھاڑوں کے لئے دروازے کھل گئے ہیں - اس کے نتیجے میں،بہت سے مختلف پس منظروں سے تعلق رکھنے والے لوگ جو کہ آج کے امریکا کی نمائندگی کرتے ہیں ، ان دروازوں کے ذریعہ آگے آ رہے ہیں اور تجارت، حکومت، سائنس، آرٹس اور تعلیم کے میدانوں میں ہمارے مستقبل کے رہنما بن رہے ہیں - شہری حقوق قوانین، NCLB قانون کے اشتراک سے اس بات کو یقینی بنائیں گے کہ یہ دروازے سب کے لئے کھلے رہیں -

## شہری حقوق کے دفتر کی ذمہ داریاں

دفتر برائے شہری حقوق (Office of Civil Rights) (OCR)، محکمۂ تعلیم امریکا ( محکمہ ) میں، ایک نفاذ قانون ایجنسی ہے جس کی ذمہ داری یہ بات یقینی بنانے والے وفاقی قوانین کا نفاذ ہے کہ ایسے تعلیمی ادارے جو کہ

OCR وفاقی شہری حقوق قوانین کا نفاذ کرتاہے جو کہ ان پروگراموں یا سرگرمیوں میں جن کو محکمہ کی طرف سے وفاقی مالی امداد حاصل ہوتی ہے، نسل، رنگ ، قومیت، جنس ، معذوری اور عمر کی بنا پر کسی بھی طرح کے امتیازکو ممنوع قرار دیتے ہیں - شہری حقوق قوانین ایک ایسے قومی عہد کی نمائندگی کرتے ہیں جن کانصب العین تعلیمی پروگراموں یا سرگرمیوں میں امتیاز کو ختم کرنا ہے- یہ قوانین ہیں:

- 1964 کا شہری حقوق قانون ( Civil Rights Act of 1964) باب VI (نسل، رنگ اور قومیت کے امتیاز کو ممنوع قرار دیتا ہے) ؛
- 1972 کا تعلیمی ترامیم ( Education Amendments of 1972) باب IX (جنسی امتیاز کو ممنوع قرار دیتا ہے) ؛
- 1973 کا بحالی قانون ( Rehabilitation Act of 1973) دفعہ 504 (معذوری امتیاز کو ممنوع قرار دیتا ہے) ؛
- 1975 کا عمر کی بنیاد پر امتیازی قانون (Age Discrimination Act of 1975 ) (عمر کی بنیاد پر امتیاز کو ممنوع قرار دیتا ہے) ؛ اور
- 1990کا قانون معذوری امریکان ( Americans with Disabilities Act of 1990) باب II (عوامی اداروں بشمول عوامی اسکول اضلاع ( school districts)، پبلک کالجوں اور یونیورسٹیوں، عوامی پیشہ ورانہ اسکولوں اور عوامی کتب خانوں، کی طرف سے معذوری کی بنیاد پر امتیاز کو ممنوع قرار دیتا ہے چاہے یہ ادارے وفاقی مالی امداد لیتے ہیں یا نہیں) -

اس کے علاوہ، OCR بوائے اسکا ؤ ٹس آ ف امریکا مساوی رسائی قانون (Boy Scouts of America Equal Access Act) جو کہ سال 2001 ک ے قانون کوئی بچہ پیچھے نہ رہ جائے ( No Child Left Behind Act of 2001) کا ایک حصہ ہے، کو نافذ کرتاہے - بوائے اسکا ؤ ٹس آف امریکا مساوی رسائی قانون کے تحت کوئی بھی عوامی بنیادی اسکول، عوامی ثانوی اسکول یا اسٹیٹ یا مقامی تعلیمی ایجنسی جو کہ ایک یا ایک سے زیادہ بیرونی نوجوانوں ک و یا کمیونٹی گروپوں کو اسکول سے پہلے یا بعد کے اوقات میں اسکول کے احاطہ یا عمارت میں ملنے کا موقع فراہم کرتا ہے، بوائے اسکا ؤ ٹس آف امریکا سے رسمی طور پر

ملحق ، یا کسی بھی دوسرے نوجوانوں کے گروپ جو کہ یونائٹیڈ اسٹیٹس کوڈ
( United States Code) کے باب 36 کے تحت بطور محبِ وطن سوسائٹی درج کیا گیا ہے، کو ملنے کے لئے مساوی رسائی دینے یا غیر جانبدارانہ طور پر موقع فراہم کرنے سے انکار نہیں کرے گا اور ان کے ساتھ کسی بھی قسم کا امتیازی سلوک نہیں کرے گا -

OCR کی زیادہ تر سرگرمیاں پورے ملک میں پھیلے ہوئے نفاذی دفتروں میں سرانجام پاتی ہیں - واشنگٹن .D.C میں معاون سکر ی ٹری برائے شہری حقوق کا دفتر مجموعی طور پر رہنمائی اور ارتباط فراہم کرتاہے -

**ان قوانین کا اطلاق تعلیمی اداروں پر ہوتا ہے**

شہری حقوق قوانین پورے ملک میں تقریباً تمام ہی تعلیمی اداروں پر لاگو ہوتے ہیں، کیونکہ بیشتر تعلیمی ادارے کسی نہ کسی طرح کی وفاقی مالی امداد حاصل کرتے ہیں - اس کا مطلب یہ ہے کہ مندرجہ ذیل ادارے شہری حقوق قوانین کے اندر آ جاتے ہیں:

- تقریباً 15,000 اسکول اضلاع ؛
- 4,100 سے زیادہ کالج اور یونیورسٹیاں ؛
- تقریباً 5,000 ایسے ادارے جو کہ ایسوسی ایٹ ڈگری سطح سے نیچے کی اسناد عطا کرتے ہیں، جیسے کہ ٹرک ڈرائیوروں کے لئے تربیتی اسکول اور اسکول برائے آرائشیات ( cosmetology) ؛ اور
- ہزار ہا دوسرے ادارے، جیسے لائبریریاں،عجائب گھر، پیشہ ورانہ بحالی کی ایجنسیاں اور جیل خانہ جات -

**ان قوانین کا اطلاق طلبا اور ملازمین پر ہوتا ہے**

شہری حقوق کے قوانین ہمارے تعلیمی اداروں میں پہلے سے داخل یا داخلے کے لئے درخواست دینے والے طلبا کی بڑی تعداد کا تحفظ کرتے ہیں، جیسے کہ:

❖ تقریباً 54.3 ملین طلبا جو بنیادی اور ثانوی اسکولوں میں زیرِتعلیم ہیں ؛ اور

❖ تقریباً 16.4 ملین طلبا ہمارے کالجوں اور یونیورسٹیوں میں زیرِتعلیم ہیں -

کچھ خاص حالات میں یہ قوانین ان افراد کا بھی تحفظ کرتے ہیں جو تعلیمی اداروں میں ملازمت کرتے ہیں یا ان میں ملازمت حاصل کرنے کے خواہاں ہیں -

**OCR عوام سے امتیازی سلوک کی شکایتیں وصول کرتا ہے**

ایک اہم راستہ جس کے ذریعہ OCR اپنی ذمہ داریاں پوری کرتا ہے، ان شکایتوں ک و حل کرنا ہے جو کہ طلبا، والدین اور دوسروں کی طرف سے موصول ہوتی ہیں - ک وئی شخص یا ادارہ جو کہ شکایت درج کراتا ہے، اس کے لئے ضروری نہیں ہے کہ وہ خود مبینہ امتیازی سلوک کا شکار ہوا ہو، وہ کسی دوسرے شخص یا گروپ کی جانب سے بھی شکایت کرسکتا ہے - عموماً، OCR صرف انہیں شکایتوں پر کارروائی کرے گا جوکہ آ خری مبینہ امتیازی سلوک کے 180 کیلنڈر دنوں کے اندر اندر درج کرا دی گئی ہوں، یا جو شکایت کسی جاری امتیازی پالیسی یا روش کے بارے میں ہو -

OCR ہر سال تقریباً 5,000 شکایات وصول کرتا ہے - بہت سی شکایتیں کئی بے حد اہم مسائل کے بارے میں ہوتی ہیں جو کہ اعلیٰ معیار کی تعلیم تک مساوی دسترس بہم پہنچانے پر اثرانداز ہو رہے ہوتے ہیں -

باب VI کے تحت — نسل، رنگ، اور قومیت کی بنیاد پر امتیاز — کی شکایتوں میں یہ مسائل شامل ہیں، جیسے :

❖ نسلی یا نژادی درجہ بندی کااستعمال، بشمول جسمانی قابلیت کی بنا پر گروپ بندی ؛

❖ انگریزی زبان سیکھنے والوں کے ذریعہ متبادل زبان کی خدمات تک دسترس ؛

❖ تادیبی کارروائیاں ؛

- ❖ طلبا کے تفویضات کی پالسیاں، جس میں قابل اور پراستعداد پروگراموں میں کام دینا شامل ہے ؛
- ❖ طلبا کی بین الاضلاعی منتقلی ؛
- ❖ اسکولوں کا آ پس میں الحاق ؛
- ❖ نسلی تعصب/ایذارسانی ؛
- ❖ کالج کیمپسوں پر طلبا کی رہائش ؛ اور
- ❖ تعلیمی درجہ بندی -

باب IX کے تحت — جنسی امتیاز کی شکایتوں میں — یہ مسائل شامل ہیں جیسے:

- ❖ جنسی ایذا رسانی ؛
- ❖ بین اسکولی اور بین کالجی کھیلوں کے مقابلوں میں مساوی مواقع ؛
- ❖ حاملہ طالبات کے ساتھ سلوک ؛ اور
- ❖ ثانوی کے بعد کے تعلیمی ادارو ں میں داخلہ -

دفعہ 504 اور باب II کے تحت — معذوری کی بنیاد پر امتیاز — کی شکایتوں میں یہ مسائل شامل ہیں جیسے:

- ❖ اسکول کی سہولیات اور پروگراموں تک دسترس ؛
- ❖ خصوصی تعلیم کی مناسب خدمات ؛
- ❖ خصوصی تعلیمی خدمات کے ضرورت مند طلبا کی صلاحیت کی صحیح اندازہ آ رائی اور تقرر ؛
- ❖ طلبا کو کم ترین مقید ماحول میں پڑھانا جو کہ ان کی تعلیمی ضرورتوں سے مطابقت رکھتا ہو ؛
- ❖ معذور طلبا کو معطل یا خارج کرنا ؛

❖ تعلیمی ہم آ ہنگی اور اصلاحات؛ اور

❖ طلبا جو حسیاتی، دستی/جسمانی یا بولنے کی صلاحیت میں کمی کا شکار ہیں ان کے لئے معاون سہولیات -

**OCR شکایات کو کس طرح دور کرتا ہے**

OCR کا شکایتوں کے حل کرنے میں بنیادی مقصد، شکایت کرنے والوں کے امتیازی سلوک کے الزامات کو فوراً، ایماندارانہ اور مناسب طور پررفع کرنا ہے - OCR نے محسوس کیا ہے کہ مسائل کے حل کا بہترین راستہ طلبا، والدین، کمیونٹی گروپوں، اسٹیٹ اور مقامی تعلیمی ایجنسیوں، اسکولوں اور کالجوں، سب کو ساتھ لے کر چلنے کا ہے -

OCR شکای ات کے حل کے لئے کئی طرح کے طریقے استعمال کرتا ہے، ج ن میں شکایت کے جلد ازالے سے لے کر تحقیقات کرنا اور جن اداروں کے خلاف شکایت ہو، ان کے ساتھ رضاکارانہ تکمیل حکم کے سمجھوتے کرنا شامل ہے-

جب OCR تعین کرلیتا ہے کہ رضاکارانہ طریقوں سے تعمیل ممکن نہیں بنائی جا سکتی تو اس کے بعد ہی وہ انتظامی سماعتی کارروائی کے ذریعہ تعمیل کی کوشش کرتاہے یا پھر اس طرح کے کیسوں کو امریکا کے محکم ۂ انصاف کے حوالہ کردیتا ہے - اس طرح کی نرم روش ممکن بناتی ہے کہ OCR:

❖ شکایت کی کارروائی کے آ غاز میں بروقت اور م ؤ ثر مداخلت کرسکے ؛

❖ امتیاز مخالف قوانین کی تعمیل کروانے پر توجہ مرکوز کرسکے ؛ اور

❖ طلبا، والدین اور اسکول کے عہدہ داروں کو شکایتوں کے حل کرنے کے لئے ` مرکزی کردار بنا سکے -

**OCR تعمیل سے متعلقہ جائزے انجام دیتا ہے**

ایجنسی کے ذریعہ شروع کئے گئے کیس، جن کو " تعمیلی جائزے " کہتے ہیں، OCR کو ان تعمیلی مسئلوں کے لئے وسائل مختص کرنے کا موقع فراہم کرتے ہیں جو بالخصوص شدید ، وسعت کے لحاظ سے قومی، یا جوئنے نئے وجود میں آ رہے ہوں -

ہدف شدہ تعمیلی جائزے OCR کے وسائل کے اثر کو بےحد زیادہ بڑھاتے اور نفاذی پروگرام کو متوازن کرتے ہیں - تعمیلی جائزے اس بات کو یقینی بناتے ہیں کہ غیر محفوظ گروپ، مثلاً بےحد غریب یا غیر انگریزی بولنے والے افراد، جو شاید قوانین کے بارے میں کم معلومات رکھتے ہوں، کے شہری حقوق کا تحفظ ہو - OCR کا تجربہ یہ بھی دکھاتا ہے کہ تعمیلی جائزوں کے ہدف کے محتاط تقرر سے تقریباً ہمیشہ ہی جن کے خلاف شکایت کی گئی ہو، ان کو پالیسی یا پروگرام میں ایسی تبدیلیاں لانا پڑتی ہیں جن سے کہ طلبا کی بڑی تعداد کو فائدہ پہنچتا ہے — برعکس شکایات کے کہ جن پر درستگی کے اقدامات سے شاید صرف شکایت کرنے والے کو ہی فائدہ ہوتا ہو -

OCR تعمیلی جائزوں کو کسی حد تک اطلاعات کے مختلف ذرائع بشمول سروے کے اعداد و شمار اور شکایت کنندگان، تعلیمی گروپوں، ذرائع ابلاغ اور عوام کی فراہم کردہ معلومات کی بنیاد پر منتخب کرتا ہے - OCR نے اس طرح مسائل پر تعمیلی جائزے مرتب کئے ہیں جیسے:

- خصوصی تعلیم اور لو-ٹریک (low-track) کورسوں میں اقلیتی طلبا ؛
- انگریزی زبان سیکھنے والے طلبا کی، متبادل — زبان کی خدمات تک دسترس تاکہ وہ اسکول اضلاع کے تعلیمی پروگراموں سے فائدہ اٹھا سکیں ؛
- معذور طلبا کے لئے مفت اور مناسب عوامی تعلیم ؛
- اقلیتی طلبا کی قابل اور پراستعداد اور دوسرے جدید، روزگار مہیا کرنے والے کورسوں تک دسترس ؛
- نسلی ایذا رسانی ؛
- جنسی طور پر جارحانہ ماحول ؛ اور

❖ اعلی تعلیم اور بنیادی اور ثانوی اسکولوں کے نظاموں میں علیحدگی نہ کرنا -

OCR اس بات کو سمجھتا ہے کہ وفاقی،اسٹیٹ اور مقامی تعلیمی ایجنسیاں، نیز والدین اور دوسرے دلچسپی رکھنے والے فریق، مساوی مواقع اور تعلیمی فوائد تک رسائی میں ا کرنے کا ایک مشترک مقصد رکھتے ہیں - OCR اپنی اور ان فریق وں اور شراکت داروں کی اجتماعی مہارت سے م ؤ ثر حل نکالتا ہے جن میں تعلیمی اعتبار سے مضبوط اور م ؤ ثر تدابیر شامل ہیں جو کہ تمام طلبا کے لئے تعلیمی مواقع میں اضافہ کرتی ہیں-

**OCR کی ٹیکنیکل امداد لوگوں اور اداروں کی اعانت کرتی ہے**

OCR کی ٹیکنیکل امدادی کوششوں کا مقصد شہری حقوق قوانین کی خلاف ورزی کو روکنا ہے- یہ کام جن کے خلاف شکایت کی گئی ہو، ان کو قوانین کی تعمیل کرنے میں اور فائدہ اٹھانے والوں کو ان کے حقوق کو سمجھنے میں مدد دینے سے انجام دیا جاتاہے - اس چیز کو نظر میں رکھتے ہوئے کہ شہری حقوق قوانین کے ذریعہ لاکھوں (ملین) طلبا کا تحفظ کیا جاتا ہے، OCR جانتا ہے کہ تنہا اس کی کوششیں، تعلیم میں غیر قانونی امتیاز کو روکنے کے لئے کافی نہیں ہیں - طلبا، والدین اور تعلیمی ماہرین میں غیر قانونی امتیاز کو پہلی بار ہی واقع ہونے سے ہی روکنے کے لئے علم اور صلاحیت ہونی چاہئے -

OCR شکایت حل کرنے کی کارروائی یا جائزے کی تعمیل کے دوران اداروں کو تعمیل کرنے کے قابل بنانے کے لئے مدد فراہم کرتاہے - اس کے علاوہ، OCR ایک پرزور اور جامع ٹیکنیکل امداد کا وسیع تر پروگرام مختلف طریقوں سے چلاتاہے، جس میں برمحل صلاح و مشورہ، تربیتی کلاسیں، ورکشاپ، جلسے اور کانفرنسوں میں شرکت شامل ہے - OCR امداد سے متعلق تمام استفسارات اور درخواستوں کا بھی جواب دیتاہے جو وفاقی ایجنسیوں، اسٹیٹ اور مقامی تعلیمی ایجنسیوں، کمیونٹی گروپوں، والدین، طلبا اور عوام سے موصول ہوتے ہ ی ں-

بہت سے OCR دفاتر نے ہمارے شراکت داروں ، مفاد برداروں اور عوام کو زیادہ بہتر جوابدہی کے لئے گاہک خدمات ( customer service) جماعتیں بنا رکھی ہیں - OCR نے اپنا ایک ہوم پیج http://www.ed.gov/ocr

کیا ہے، جس کو محکمۂ تعلیم کی ویب سائٹ سے بھی منسلک کیا گیا ہے -

## آ گے آ نے والے چیلنج

اگرچہ ہم اس بات کو مانتے ہیں کہ شہری حقوق قوانین کے نفاذ سے بہتری آ ئی ہے، لیکن پھر بھی اس ملک میں کچھ لوگ مکمل تعلیمی مواقع سے غیر قانونی طور پر محروم ہیں - پالیسیاں اور روشیں جو معذور افراد، خواتین، ضعیف امریکنو ں اور نسلی اور لسانی اقلیتوں کو مبارزت طلب کورسوں اور پروگراموں میں شرکت سے روکتے ہیں ، آ ج بھی موجود ہیں - شہری حقوق تعمیلی پروگراموں کے مقاصد — یعنی مساوی دسترس، تعلیمی مہارت، اور تمام طلبا کے لئے اعلی معیار — حاصل کرنے کا عہد ایک ایسی سرمایہ کاری ہے جو لازماً کی جانی چاہئے، اگر ہمیں امریکہ کے مستقبل کو محفوظ بنانا ہے -

## **OCR** سے رابطہ کرنا

OCR کے قومی ہیڈکوارٹرز میں گاہک خدمات جماعت OCR کی ہاٹ لائن پر جواب دیتی ہے - رابطہ کرنے والے ہاٹ لائن کا استعمال مختلف نوعیت کے مسئلوں کے بارے میں معلومات حاصل کرنے کے لئے کرتے ہیں جن کا تعلق وفاقی شہری حقوق قوانین اور OCR کی پالیسیوں اور رہنما خطوط سے ہے، نیز OCR کے نفاذی پروگرام کے بارے میں معلومات حاصل کرنے کے لئے کرتے ہ یں-

اگر آ پ ان قوانین کے بارے میں مزید معلومات حاصل کرنا چاہتے ہیں جو کہ شہری حقوق کا دفتر نافذ کرتا ہے، یا یہ کہ شہری حقوق کی شکایت کس طرح درج کرائی جائے، یا ٹیکنیکل امداد کس طرح حاصل کی جائے، تو آ پ اپنی اسٹیٹ ی ا.یو-ایس- ٹیریٹری (U.S. Territory) میں خدمت سر انجام دینے والے نفاذی دفتر سے رابطہ کر سکتے ہیں- نفاذی دفاتر سے اس پتہ پر رابطہ کریں:

http://www.ed.gov/ocr/contactus.html

مزید معلومات کے لئے :

**OCR ہاٹ لائن :** 1-800-421-3481؛ TDD: 877-521-2172

ای میل : OCR@ed.gov

ویب سائٹ : http://www.ed.gov/ocr